© rasailojaraid.com



پروفیسر ڈاکٹر محمد ادریس آزاد (لاڑکانہ)
پروفیسر ڈاکٹر محمد روشن صدیقی (حیدرآباد)
پروفیسر ریاض الدین ربانی (مشیر انجمن)

# گوشہ تعارف وتبصرہ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی

کتاب کا نام : دینی مسائل اور ان کا حل

مصنف : مولانا ڈاکٹر احمد علی سراج

ناشر : حاجی شوکت علی، محلہ ابوبکر ٹاؤن، کوٹھی برکت رام سیالکوٹ، گوجرانوالہ،
فون ۹۶۴۳۱۸۱-۰۳۰۰، مطبوعہ طبع سوم ۲۰۱۰ء

قیمت وصفحات : درج نہیں، ۵۹۶ صفحات

ڈاکٹر صاحب عالمی مبلغ کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں، کویت کی وزارت اوقاف سے منسلک ہیں، سعودی عرب میں بھی مبلغ و رہنما کی حیثیت سے مدعو کیے جاتے ہیں، پاکستان نژاد ہیں، اسی مناسبت سے آپ سے دینی رہنمائی کے لئے عوام واہل علم رابطہ کرتے ہیں، آپ کی متعدد تصانیف شائع ہو چکی ہیں، متعدد یونیورسٹیز میں پرمنٹ اور وزیٹنگ پروفیسر کی حیثیت سے فرائض انجام دیتے ہیں۔

یہ شرعی مسائل کے جوابات پر مشتمل علمی مجموعہ ہے، چھ ابواب میں فقہی ترتیب پر سوال جواب جمع کر دیئے گئے ہیں، پہلا باب ایمانیات پر مشتمل ہے، جس میں عقائد سے متعلق سوالات کے جوابات دیئے گئے ہیں، دوسرا باب فقہ پر مشتمل ہے، جس میں آئمہ اربعہ کے حالات اور اصول فقہ سے بحث کی گئی ہے، باب سوم عبادت پر مشتمل ہے طہارت ونماز، زکوۃ، وروزہ وحج کے احکام پر مشتمل ہے، اس میں وضوء غسل تیمم، اذان نماز معذوروں کی نماز کا طریقہ بیان کیا گیا ہے، زکوۃ کا نصاب روزہ کے احکام اور حج وعمرہ سے متعلق سوالات کے جوابات دیئے گئے ہیں۔ باب چہارم معاملات پر مشتمل ہے، جس میں خرید وفروخت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہدیہ اجارہ امانت اور حلال وحرام کے مسائل کے جوابات دیئے گئے ہیں، باب پنجم معاشرتی احکام پر مشتمل ہے نکاح وطلاق اور عائلی مسائل ومیراث پر مشتمل ہے۔

باب ششم متفرق احکامات پر مشتمل ہے۔ اللہ تعالیٰ ڈاکٹر صاحب سے مزید دینی خدمت لے اور آپ کی عمر میں برکت عطا فرمائے۔

کتاب کا نام : علوم الحدیث

مصنف : پروفیسر ڈاکٹر محمد باقر خاکوانی

ناشر : ادارہ مطبوعات سلیمانی، رحمان مارکیٹ غزنی اسٹریٹ اردو بازار، لاہور، ۲۰۱۱ء، فون: ۰۴۲-۳۷۲۳۲۷۸۸

قیمت وصفحات : ۲۰۰ روپے، صفحات ۲۵۲

ڈاکٹر صاحب طویل عرصہ سے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں ڈین فیکلٹی آف عربی واسلامیات کی حیثیت سے فرائض انجام دے رہے ہیں، آپ درددل رکھنے والے شخص ہیں، اور نظریاتی شخص ہیں، کلمہ حق کہنے اور حق داروں کو آگے لانے میں کبھی کوتاہی نہیں کرتے، آپ نے متعدد مایہ ناز کتابیں تصنیف کیں، جو نصاب کا حصہ ہیں، ان میں سے ایک کتاب یہ ہے۔

یہ کتاب نو ابواب اور متعدد ذیلی فصول پر مشتمل کتاب ہے، یہ کتاب حدیث کی لغوی واصطلاحی تعریفات، حجیت حدیث، علم الجرح و التعدیل، اقسام حدیث، تاریخ تدوین حدیث، تعارف کتب احادیث ومرتبین اور برصغیر میں کی جانے والی خدمات حدیث کے تذکرہ پر مشتمل ہے۔

کتاب متنوع مضامین کا مجموعہ ہے اور ہر صاحب علم و طالب علم کے لئے مفید و جامع کتاب ہے۔

آپ نے حدیث کے طالب علموں پر بڑا احسان فرمایا ہے، اللہ تعالیٰ اس کوشش وکاوش کو قبول فرمائے اور مقبول عام فرمائے۔

کتاب کا نام : مدرسه مظهر العلوم کڙي کراچي جون ديني ۽ سياسي خدمتون (سنڌ)

مصنف : ڊاڪٽر عبدالوحيد انڍڙ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ناشر : اسلم بک ڈپو چاڑھی سکھر، ۲۰۱۲ء

قیمت وصفحات : ۳۰۰ روپے، صفحات ۳۱۱

پروفیسر ڈاکٹر عبدالوحید اندھڑ گورنمنٹ ماڈل دینی مدرسہ کے پرنسپل ہیں، اور مدرسہ مظہر العلوم کے فارغ التحصیل ہیں، اس ادارہ پر کوئی مستقل تصنیف نہیں تھی، حالانکہ یہ مدرسہ قیام پاکستان سے پہلے سے قائم ہے، اس کے طلباء مزید تعلیم کے لئے دارالعلوم دیوبند دارالعلوم ندوہ جایا کرتے تھے اس ادارے نے بڑے نامور لوگ پیدا کئے۔

ڈاکٹر صاحب نے بڑا احسان فرمایا اس ادارہ کی خدمات کو محفوظ کردیا یہ کتاب دس ابواب، ایک مقدمہ اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے۔ پہلے باب میں دینی مدارس کا ارتقاء دوسرے اور تیسرے باب میں سندھ میں اسلام و دینی مدارس کا ارتقاء، چوتھے باب میں کراچی کا تاریخی پس منظر، پانچویں باب میں مدرسہ مظہر العلوم کا ارتقاء اور مہتممین کا تعارف پیش کیا گیا ہے، چھٹے باب میں مدرسہ کے مشہور اساتذہ و طلباء کا تعارف، ساتویں باب میں مدرسہ کی تعمیراتی تاریخ، آٹھویں باب میں مدرسہ کی علمی، سیاسی، تصنیفی خدمات کے ساتھ تحریک آزادی اور نویں باب میں حصہ لینے والی شخصیات کی خدمات کو اجاگر کیا گیا ہے، دسویں باب میں مدرسہ کے نصاب، شعبہ جات، کتب خانہ، دارالافتاء وغیرہ کا تعارف کروایا گیا ہے۔ آخر میں کتاب کا انگریزی خلاصہ اور مصادر و مراجع کو پیش کیا گیا ہے۔

ڈاکٹر صاحب اس جامع با حوالہ تحقیقی کاوش پر مبارکباد کے مستحق ہیں۔ حکومت سندھ کو چاہئے پاکستان کی لائبریریوں کے لئے اس کتاب کو منظور کرے اور ہر لائبریری کی زینت بنائے تاکہ آنے والی نسل ان خدمات اور قربانیوں سے واقف ہو۔

کتاب کا نام : حضور اقدس ﷺ کے طنز و مزاح

مصنف : پروفیسر ریاض احمد ین ربانی

ناشر : مکتبہ عثیمیہ مکان نمبر ۱۱۷ ۵ ۴ محمدی کالونی سی ون ایریا، لیاقت آباد، ۲۰۱۲ء، فون نمبر: ۲۱۵۳۱۱۲ ـ ۰۳۳۳

قیمت وصفحات : ۵ اروپے، صفحات ۱۶

پروفیسر ریاض احمد ین ربانی صاحب نے ساری زندگی درس و تدریس میں گزاری ہے، میں نے

© rasailojaraid.com